# نیو ساؤتھ ویلز میں ابتدائی بچپن کی تعلیم و نگہداشت کے شعبے کی تحقیق

## قواعد و شرائط برائے تحقیق

1- یہ کہ پورٹ فولیو کمیٹی نمبر 3 – تعلیم، نیو ساؤتھ ویلز میں ابتدائی بچپن کی تعلیم و نگہداشت (ECEC) کے شعبے کا جائزہ لے، اس پر تحقیق کرے اور رپورٹ پیش کرے،
نیز، جس میں درج ذیل امور کا احاطہ کیا جائے:

(a) ECEC خدمات میں بچوں کی حفاظت، صحت اور مجموعی فلاح و بہبود

(b) ECEC خدمات کا معیار اور ان بچوں کے تعلیمی و نشوونما کے نتائج جو ان خدمات سے مستفید ہوتے ہیں

(c) ECEC شعبے کے کارکنوں کی حفاظت، اجرت اور کام کے حالات

(d) نیو ساؤتھ ویلز میں ECEC شعبے پر لاگو کردہ ضوابطی نظام کی مؤثریت۔

(e) e)) نیو ساؤتھ ویلز کی ECEC ریگولیٹری اتھارٹی کی کارکردگی اور اثر پذیری

(f) ECEC خدمات سے متعلق قابلِ اعتماد اعداد و شمار کا جمع کرنا، تجزیہ کرنا اور شائع کرنا، اور ہر ECEC سروس کے بارے میں عوامی آگاہی اور معلومات کی رسائی کی سطح کا جائزہ لینا

(g) ابتدائی بچپن کی تعلیم کی معیاری اسناد کے لیے تربیتی اداروں کی دستیابی اور ان کی معقول قیمت یا مالی رسائی

(h) ECEC شعبے کی ساخت اور حکومت کی مالی معاونت کے خدمات کی نوعیت اور معیار پر اثرات

(i) معذور بچوں اور ان کے والدین و نگہداشت کرنے والوں کے ECEC خدمات میں تجربات اور تاثرات، اور

(j) دیگر متعلقہ امور

2- کمیٹی 31 مارچ 2026 تک اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔

تحقیقات کے دائرہ کار کی حدود 20 مارچ 2025 کو کمیٹی نے خود مقرر کیں۔[1]

[1] نوٹس، نیو ساؤتھ ویلز قانون ساز کونسل، 20 مارچ 2025، شق نمبر 28۔

## کمیٹی کی رکنیت

| | | |
|---|---|---|
| **محترمہ ابیگیل بوئڈ، MLC** | گرینز پارٹی | *چیئر* |
| **معزز راچیل مرٹن، MLC** | لبرل پارٹی | *ڈپٹی چیئر* |
| **معزز انتھونی ڈی ایڈم، MLC** | آسٹریلین لیبر پارٹی | |
| **معزز تانیا میہالیوک، MLC** | آزاد | |
| **معزز سارہ مچل، MLC** | دی نیشنل پارٹی | |
| **معزز کیمرون مرفی، * MLC** | آسٹریلین لیبر پارٹی | |
| **معزز ایملی سووال، MLC** | آسٹریلین لیبر پارٹی | |

*محترم کیمرون مرفی، MLC نے 25 مارچ 2025 سے تحقیقات کے دوران محترم مارک بٹنیگیگ، MLC کی جگہ کام کیا۔